پریس ریلیز

جنرل ہسپتال کے ہیلتھ پروفیشنلز سیلاب متاثرین کی خدمت میں مصروف

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع قصور کے عوام کو دہلیز پر علاج اور ادویات کی فراہمی

لاہور، 11 ستمبر: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور جنرل ہسپتال کی میڈیکل ٹیمیں ضلع قصور کے سیلاب زدہ علاقوں میں متاثرہ شہریوں کو مفت طبی امداد اور ادویات فراہم کر رہی ہیں۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل اور ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا ہے کہ متاثرہ عوام کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات یقینی بنانے کے لیے ہسپتال کے پروفیسرز سمیت عملہ روزانہ متاثرہ علاقوں میں جا رہا ہے۔ درجنوں مریض اب تک مستفید ہو چکے ہیں اور یہ خدمت کا سلسلہ عوام کی صحت یابی تک جاری رہے گا۔

☆☆☆☆